PAKISTAN DOMESTIC
SEASON 2019-20
14 SEP - 24 APR

CRICKET
CHAMPIONS
Inspiring the Nation

کوئٹہ میں کرکٹ کی سرگرمیاں رواں ہفتے بھی جاری رہیں گی

- بلوچستان قائداعظم ٹرافی کے تیسرے راؤنڈ میں سنٹرل پنجاب کی میزبانی کرے گا
- سندھ اور ناردرن کی ٹیمیں کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں مدمقابل آئیں گی
- خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کے درمیان مقابلہ ایبٹ آباد میں ہوگا
- ایبٹ آبادمیں شیڈول میچ لائیو اسٹریم کیا جائےگا
- کوئٹہ اور راولپنڈی سے میچز کی تازہ ترین صورتحال پی سی بی کےسوشل میڈیا پر جاری رہیں گی

لاہور، 27ستمبر 2019ء:

کوئٹہ میں کرکٹ کی سرگرمیاں رواں ہفتے بھی جاری رہیں گی۔ قائداعظم ٹرافی کے تیسرے راؤنڈ میں سنٹرل پنجاب اور بلوچستان کے درمیان میچ بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں ہوگا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان 28 ستمبر بروز ہفتہ سے شروع ہونے والا4 روزہ میچ یکم اکتوبر تک جاری رہے گا۔ میچ کا آغاز صبح 10 بجے ہوگا۔

ناردرن کرکٹ ٹیم کو شکست دینے کے بعد پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن پر براجمان سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم اظہر علی کی قیادت میں بلوچستان پہنچ چکی ہے۔

اب تک ایونٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے بلوچستان کے یاسر شاہ مہمان ٹیم کے خلاف بھرپور ایکشن میں نظر آئیں گے۔ بلوچستان کے باؤلرز گذشتہ میچ میں سدرن پنجاب کی پوری ٹیم کو دو مرتبہ آؤٹ کرکے ایونٹ میں حریف ٹیموں پر اپنی دھاک بٹھاچکے ہیں تاہم دوسرے راؤنڈ کی پہلی اننگز میں 157 رنز بناکر ٹیم کا مجموعہ 433 پر لے جانے والے کامران اکمل سنٹرل پنجاب کے لیے ٹُرپ کا پتا ہوں گے۔دونوں ٹیموں کے کمبی نیشن کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کہنا بے جا نہ ہو گا کہ کوئٹہ میں موجود شائقین

کرکٹ کورواں ہفتے کانٹے دار مقابلہ دیکھنے کو ملے گا۔

دوسری جانب ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کا راولپنڈی میں پہلے میچ کا آغاز بھی 28 ستمبر سے ہوگا ۔کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں ناردرن ،سندھ کی میزبانی کرےگا۔دوسرے راؤنڈ کے اختتام پر سندھ کرکٹ ٹیم پوائنٹس ٹیبل پر چوتھے جبکہ ناردرن آخری نمبر پر موجود ہے۔

گذشتہ میچ میں سنٹرل پنجاب سے ایک اننگز اور 100 رنز کے بھاری مارجن سے شکست کھانے والی ناردرن کرکٹ ٹیم تیسرے راؤنڈ میں عمر امین کی قیادت میں ہوم ایڈوانٹیج کابھرپور فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گی۔

اسدشفیق کی قیادت میں سندھ کرکٹ ٹیم کا ایونٹ میں یہ پہلا اوے میچ ہوگا۔ مہمان ٹیم کی امیدوں کا محور نوجوان اوپنر عمیر بن یوسف ہوں گے جنہوں نے گذشتہ میچ میں خیبرپختونخوا کے خلاف 174 رنز کی شاندار اننگز کھیلی تھی۔سندھ کی جانب سے تجربہ کار مڈل آرڈر بیٹسمین فواد عالم نے بھی یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے جانے والے میچ میں سنچری اسکور کرکے اپنی فارم بحال کرلی ہیں۔

ادھر خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کی ٹیموں کے درمیان میچ ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ 28 ستمبر سے شروع ہونے والا میچ پی سی بی کے آفیشل یو ٹیوب چینل پر لائیو اسٹریم کیا جارہا ہے۔

میچ میں اوپنر اشفاق احمد، آلراؤنڈر عادل امین اور گذشتہ میچ میں سنچری اسکور کرنے والے ذوہیب خان خیبرپختونخواہ کی ٹیم میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔اشفاق احمد قائداعظم ٹرافی کے دو راؤنڈز میں مسلسل دو سنچریاں اسکور کرچکے ہیں جبکہ سندھ کے خلاف عادل امین کی جانب سے 81 رنز کے عوض 5 وکٹیں حاصل کرنا اب تک ایونٹ میں کسی بھی باؤلر کی بہترین کارکردگی ہے۔

پہلے راؤنڈ میں ڈبل سنچری اسکور کرنے والے سمیع اسلم سدرن پنجاب کی جانب سےاوپننگ کریں گے جبکہ عمران رفیق، عامر یامین اور بلاول بھٹی پر مشتمل تجربہ کار کھلاڑی مڈل آرڈر میں بیٹنگ کریں گے۔ باؤلنگ میں اسپنر محمد عرفان ،کپتان شان مسعودکی توقعات پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔

ایبٹ آباد میں شیڈول میچ لائیو اسٹریم کیا جائے گا جبکہ تمام میچز کی تازہ ترین صورتحال ہر گھنٹے بعد پی سی بی کے سوشل میڈیاپر جاری کی جاتی رہیں گی۔

سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ:

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کا آغاز جمعرات سے ہوچکا ہے۔

خیبرپختونخوا کرکٹ ٹیم حیات آباد اسپورٹس کمپلیکس پشاور میں سدرن پنجاب کرکٹ ٹیم کی میزبانی کررہی ہے۔

سندھ اور ناردرن کے درمیان میچ نیشنل بنک آف پاکستان اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جارہا ہے۔ بلوچستان اورسنٹرل پنجاب کے درمیان میچ ایل سی سی گراؤنڈ لاہور میں جاری ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners